ungdata | OSLOMET STORBYUNIVERSITETET VELFERDSFORSKNINGSINSTITUTTET NOVA

Ungdata سروے کے بارے میں نوعمر افراد اور سرپرستوں کے لیے معلومات

اس سال آپ کی بلدیہ/فلکے میں اپر سیکنڈری سکولوں کے طالبعلموں کا سروے Ungdata ہو رہا ہے۔ سروے موسم بہار والی ششماہی میں سکول میں انجام پائے گا۔ اس کا مقصد نوعمر افراد کے حالات جاننا اور یہ جاننا ہے کہ وہ فرصت کے وقت میں کیا کرتے ہیں۔

سروے کا مقصد

- نوعمر افراد کو موقع دینا کہ وہ مقامی سیاستدانوں اور حکام کو بتائیں کہ اس بلدیہ میں پلنا بڑھنا کیسا ہے۔
- وہ علم مہیا کرنا جسے نوعمر افراد کی نشوونما کے حالات بہتر بنانے کے لیے بلدیہ کے کام میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔
- تحقیق کے لیے مواد مہیا کرنا تاکہ مقامی اور قومی سطح پر، اور وقت کے ساتھ ساتھ، نوعمر افراد کی نشوونما کے حالات کے متعلق علم بڑھے۔

ہم Ungdata میں کیا پوچھ رہے ہیں؟

- دوست، فرصت کا وقت اور میڈیا کا استعمال
- خاندان، سکول اور اردگرد کا ماحول
- صحت، بہبود و اطمینان اور زندگی کی کیفیت
- موبنگ (ستانا)، تشدّد اور ہراسمنٹ (ڈرانا)
- اصولوں کی خلاف ورزی اور نشہ
- صنف، کلاس اور خاندانی پس منظر (جیسے قومی پس منظر/نسل، رہائشی حالات اور سرپرستوں کی تعلیمی سطح)

Ungdata کیسے انجام دیا جا رہا ہے؟

- سروے مکمل کرنے کے لیے سکول کا ایک پیریڈ مخصوص کیا گیا ہے اور ایک بالغ شخص کی موجودگی میں سروے ہو گا۔
- سروے الیکٹرانک طور پر مکمل کیا جائے گا یعنی Ungdata کے سروے پیج پر ایک دفعہ استعمال ہونے والے اتفاقی کوڈ سے لاگ اِن کے ذریعے۔ اس کوڈ سے سروے مکمل کرنے والے شخص کا پتہ نہیں چلایا جا سکتا۔
- طالبعلم سروے میں کراس لگا کر جواب دیں گے۔
- جو طالبعلم چاہیں، انہیں سروے کے سوالات اور جوابات پڑھ کر سنائے جا سکتے ہیں۔ اس کے لیے ہیڈ فونز کا استعمال ضروری ہے۔

سروے میں حصہ لینا آپ کی مرضی پر منحصر ہے

- سروے کا جواب دینا یا نہ دینا طالبعلموں کی مرضی پر منحصر ہے۔
- طالبعلم ان سوالوں کو چھوڑ کر آگے بڑھ سکتے ہیں جن کا جواب وہ نہ دینا چاہتے ہوں اور اگر چاہیں تو سروے کو ادھورا بھی چھوڑ سکتے ہیں۔
- 18 سال سے کم عمر کے طالبعلموں کے سرپرست انہیں سروے میں شامل کیے جانے سے منع کر سکتے ہیں۔ اس کے لیے سرپرستوں کو سروے کے آغاز سے پہلے رابطہ استاد/سکول کو اطلاع دینی ہو گی۔ سرپرست KORUS سے رابطہ کر کے سروے فارم منگوا سکتے ہیں۔

تحفظ ذاتیات (پرائیویسی)

- تمام جوابات کو کڑی رازداری سے رکھا جائے گا اور جب سروے کے نتائج شائع کیے جائیں گے تو کسی فرد کو پہچانا نہیں جا سکے گا۔
- افراد کی ذاتی تفصیلات کو محفوظ جگہ پر رکھا جائے گا جس تک صرف کچھ افراد پہنچ سکتے ہیں۔ سروے مکمل ہونے کے پانچ سال بعد نیا سال چڑھنے پر ڈیٹا کو گمنام صورت دے دی جائے گی اور تحقیق اور ترقی کے کام میں آئندہ استعمال کے لیے آرکائیو میں رکھا جائے گا۔
- سروے میں شریک ہونے والوں کو یہ درخواست کرنے کا حق حاصل ہے کہ وہ رجسٹر کی گئی اپنی ذاتی تفصیلات دیکھیں اور وہ ان میں درستگی اور انہیں ڈیلیٹ کرنے کی درخواست بھی کر سکتے ہیں۔ یہ حقوق پورے ہونے کا امکان بہت کم ہے کیونکہ نام اور دوسری ڈائریکٹ ذاتی تفصیلات اکٹھی نہیں کی جا رہی ہیں۔ سروے مکمل کرنے والوں کو احتجاج کرنے اور Datatilsynet (نارویجن ڈاٹا پروٹیکشن اتھارٹی) کے پاس شکایت کرنے کا حق حاصل ہے۔
- ذاتی تفصیلات پر کام کا قانونی جواز یہ ہے کہ Ungdata اہم معاشرتی مفادات کا تحفظ کرتا ہے اور اس کا مقصد تحقیق ہے۔
- ڈیٹا پروٹیکشن سروس فار ریسرچ Sikt (personverntjenester@sikt.no) کی رائے میں ذاتی تفصیلات پر کام پرسنل ڈیٹا ایکٹ کے مطابق ہے۔
- Ungdata کی ویب سائٹ www.ungdata.no/personvern/ پر پرائیویسی اور تحقیق میں اخلاقیات کے متعلق مزید تفصیل پڑھیں۔

ممکنہ مسائل سے نبٹنے کے لیے تیاری

- سروے کے بعد سکول ہیلتھ سروس ان طالبعلموں کی مدد کے لیے تیار رہے گی جنہیں مدد کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

سروے کے لیے کون ذمہ دار ہے؟

سروے کو OsloMet (اوسلو میٹروپولیٹن یونیورسٹی) کا سوشل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ NOVA اور نشے کے مسائل کے لیے ریجنل کمپیٹنس سنٹر (KORUS) بلدیہ کی طرف سے ذمہ داری سونپے جانے پر انجام دے رہے ہیں۔

رابطہ تفصیلات

پرائیویسی کے متعلق رابطوں کے لیے

NOVA میں پراجیکٹ انچارج سے رابطہ کریں: ungdata@oslomet.no

آپ OsloMet کے ڈیٹا پروٹیکشن آفیسر سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں: personvernombud@oslomet.no.

آپ کو سروے کے متعلق مزید معلومات Ungdata کی ویب سائٹ پر ملیں گی: www.ungdata.no/informasjon-til-ungdom-og-foresatte/

سروے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے سکول یا اپنے ریجنل KORUS سے رابطہ کریں۔